10536-ایک کفریہ دین کو چھوڑ کر کسی دوسرے کفریہ دین میں جانے والے شخص کا ذبح کیا ہوا گوشت کھانا

سوال

اگر کوئی نصرانی شخص کیمونسٹ ملحد یا بدھ مت مذہب اختیار کر لے تو کیا اس کا ذبح کیا ہوا جانور کھانا جائز ہے، اور اگر یہودی نصرانی بن جائے تو کیا ہم اس کا ذبیحہ کھا سکتے ہیں ؟

پسندیدہ جواب

فقہاء کرام کا اتفاق ہے کہ اہل کتاب میں
سے جو کوئی شخص بھی اہل کتاب کا دین ترک کر کے کوئی اور دین اختیار کرتا ہے تو اس
کا ذبیحہ نہیں کھایا جائے گا، لیکن اگر وہ اپنا دین ترک کر کے اہل کتاب کا دین
اختیار کر لے مثلا یہودی عیسائیت اختیار کر لے یا پھر عیسائی یہودیت اختیار کر لے
تو جمہور علماء کرام جن میں احناف، مالکی اور ایک قول کے مطابق شافعی اور بالجملہ
حنابلہ شامل ہیں کے مطابق اس کا ذبیحہ حلال ہے.